باب: 12

# نسبت اور تناسب

# (Ratio and Proportion)

## 12.1 تعارف (Introduction)



روز مرہ زندگی میں ہمیں اکثر ایک ہی قسم کی دو مقادیر کا موازنہ کرنا پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر اونی اور شری نے اپنی اسکریپ نوٹ بک (Scrap Note Book) کے لیے کچھ پھول جمع کیے۔ اونی نے 30 پھول اور شری نے 45 پھول جمع کیے۔ تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ شری نے اونی سے $45 - 30 = 15$ پھول زیادہ جمع کیے۔



اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ دو مقدار کا فرق معلوم کرنا ان کا موازنہ کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ اگر رحیم کی لمبائی 150 سینٹی میٹر ہے اور اونی کی لمبائی 140 سینٹی میٹر ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ رحیم کی لمبائی اونی سے 150 سینٹی میٹر – 140 سینٹی میٹر = 10 سینٹی میٹر زیادہ ہے۔



اگر ہم ایک چیونٹی اور ایک ٹڈے کی لمبائیوں کا موازنہ کرنا چاہیں تو ہم ان کا موازنہ گھٹا یا تفریق کے ذریعہ نہیں کرسکتے ہیں۔ ایک ٹڈے کی لمبائی 4 سے 5 سینٹی میٹر کے درمیان ہوتی ہے جو کہ چیونٹی کی لمبائی کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے کیونکہ چیونٹی کی لمبائی چند ملی میٹر ہوتی ہے۔ یہ موازنہ کہیں زیادہ بہتر ہوگا اگر ہم یہ جاننے کی کوشش کریں کہ اگر ایک چیونٹی کے پیچھے دوسری چیونٹی کو رکھا جائے تو ایک ٹڈے کی لمبائی کے برابر کتنی چیونٹیوں کی لمبائی ہوگی۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ تقریباً 20 سے 30 چیونٹیوں کے برابر ایک ٹڈے کی لمبائی ہوگی۔

© NCERT not to be republished